© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**نسیم مینا** نعتیہ مجموعہ جناب راسخ عرفانی - ناشر: مکتبۂ نورِ ادب، چوک نیاں مین، گوجرانوالہ صفحات: سوا سو سے اُوپر - سفید کاغذ، کتابت و طباعت پسندیدہ - مجلد قیمت - ۳۰ روپے

راسخ عرفانی ہمارے دَور کے بزرگ شاعر ہیں جن سے میری راہ و رسم نیاز برسوں سے ہے - وہ جوں جوں بزرگ ہوتے گئے اُن کی شاعری جوان تر ہوتی گئی - پیشِ نظر مجموعۂ نعت ان کے کلام کا تیرھواں مجموعہ ہے - ان کے فن کا ایک سِرا نعت اور دوسرا غزل ہے - مگر کیا مجال کہ غزل ہزار بلندیٔ خیال اور نزاکتِ آہنگ اور اشارت و رمزِ لطیف کے باوجود ایسا رنگ اختیار کرے کہ یہ بدگمانی ہونے لگے کہ یہ شاعر نعت گو نہیں ہو سکتا - اور نہ ان کی نعت گوئی کی سدرہ پرداز زبان ایسے فوق البشری اسلوب کی کہ کسی کو شبہ ہو کہ اس شاعر کے دماغ میں غزل پرورش نہیں پاسکتی - ایسے سچے نعت گو بہت کم ہیں جن کی غزلوں میں بھی پاکیزگی و شائستگی اتنی ہو کہ اگر رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں بھی پڑھنی پڑے تو اُن کو کعب بن زہیر کا سا مقام ملے - ایسے ہی شاذ قسم کے شعرا میں سے ایک راسخ عرفانی ہیں - بایں سبب میں اُن کا بڑا احترام کرتا ہوں - نعتیہ مجموعے کے لیے نام تلاش کرنا مشکل ہو گیا ہے - مگر عرفانی صاحب نے بالکل نئی طرز کا نام ڈھونڈ نکالا -

پھر یہ بھی نہیں کہ ان کی شاعری بس یونہی " فاعلاتن فاعلات " ہو، ان کے ہاں سوز و ساز آرزومندی ہے - ان کے پاس سرمایۂ شعور و احساس ہے، وہ مطالعہ و مشاہدہ رکھتے ہیں ان کے ذہنی افق پر تخیلات — قوسِ قزح کی رنگین دھاریوں کی طرح نظر آتے ہیں - وہ اپنے خیالات کا رشتہ بہترین الفاظ اور اسالیب سے جوڑتے ہیں - روایتی نعت سے

© rasailojaraid.com